# سانحہ کراچی کے متاثرین کی امداد قومی جذبے کے تحت کی جائے، رابطہ کمیٹی

## ملک بھر کے عوام بالخصوص مخیر حضرات سٹی گورنمنٹ کراچی کے قائم کردہ فنڈ میں دل کھول کر عطیات جمع کرائیں

کراچی ---11، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملک بھر کے عوام اور بالخصوص مخیرّ حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ سانحہ کراچی بولٹن مارکیٹ کے متاثرین کی زیادہ سے زیادہ امداد کریں اور اس سلسلے میں سٹی گورنمنٹ کراچی کے قائم کئے گئے فنڈز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سانحہ کراچی فرقہ واریت پھیلانے، شہر کا امن تباہ اور ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی گھناؤنی سازش تھی اور اس سازش کے نتیجے میں ہزاروں لوگ اپنے مستقل روزگار اور ذرائع آمدنی سے محروم ہوگئے ہیں جو ہر محبّ وطن پاکستانی کیلئے دکھ کی بات ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سانحہ کراچی کے متاثرین کی امداد قومی جذبے کے تحت کی جائے اور سٹی گورنمنٹ کراچی کے فنڈز میں عوام اور مخیرّ حضرات متاثرین کی امداد و بحالی کیلئے دل کھول کر اپنے عطیات جمع کرائیں تاکہ متاثرین کی بحالی جلد از جلد ممکن ہوسکے اور وہ نئے جذبے کے ساتھ اپنا کاروبار زندگی شروع کرسکیں۔

☆☆☆☆☆